MEDIA
RELEASE

CRICKET
AUSTRALIA

کرکٹ آسٹریلیا نے پاکستان کے خلاف پی ایم الیون کا اعلان کردیا

میلبرن،23 نومبر 2023

وزیراعظم آسٹریلیا اینتھونی البانیز اور آسٹریلیا کے نیشنل سلیکشن پینل نے پاکستان ٹیسٹ کرکٹ اسکواڈ کے خلاف واحد چار روزہ میچ کے لیے پی ایم الیون میں شامل 12 کھلاڑیوں کے ناموں کو حتمی شکل دی

اسکواڈ کی قیادت ساوتھ آسٹریلیا کے بیٹر نیتھن میکس وینی کریں گے۔ 12 رکنی اسکواڈ میں شامل 6 کھلاڑی پہلے ہی ٹیسٹ کرکٹ کھیلنے کا تجربہ رکھتے ہیں۔

حال ہی میں آسٹریلیا اے کی کوچنگ کے فرائض انجام دینے والے سری لنکا کے سابق ٹیسٹ کرکٹر تھیلان سمراویرا کو پی ایم الیون کا ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا ہے۔

اسکواڈ

نیتھن میکس وینی (کپتان)، کیمرون بنکروفٹ، کیمرون گرین، مارکس ہیرس، نیتھن اینڈریو، ٹوڈ میئرفی، مائیکل نیسر جمی پیئرسن، میتھیو رینشا، مارک سٹیکٹی اور باو ویبسٹر

اینتھونی البانیز، وزیراعظم آسٹریلیا

آسٹریلین کرکٹ میں پرائم منسٹر الیون کی ایک شاندار تاریخ ہے اور مجھے خوشی ہے کہ ہم نے آئندہ ماہ پاکستان کے سامنے کے لیے ایک مضبوط اسکواڈ کا اعلان کیا ہے۔

جارج بیلے، ٹونی ڈوڈیمائڈ اور میں نے تجربہ کار کھلاڑیوں پر مشتمل ایک اسکواڈ کا انتخاب کیا ہے۔

میں ناتھن میک سوینی کو کپتان نامزد ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یقین ہے کہ وہ شاندار انداز میں ٹیم کی قیادت کریں گے۔

میں پیٹ کمنز اور ان کی ٹیم کو ورلڈکپ جیتنے پر بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اتوار کو بھارت کے خلاف فائنل میں ان کی شاندار کارکردگی نے پوری قوم کو خوش کردیا ہے۔ یقیناً پیٹ کمنز اور ان کی ٹیم کرکٹ کے میدان میں بہادری کا مظاہرہ کرتی رہے گی۔

یہ سال آسٹریلین مینز اور ویمنز ٹیموں کے لیے ناقابل یقین حد تک ایک کامیاب سال رہا ہے۔

وہی پرانے آسٹریلینز - ہمیشہ جیت رہے ہیں

جارج بیلے، چیئر آف سلیکٹرز نیشنل سلیکشن پینل

ہمیں فرسٹ کلاس کرکٹ کے متعدد سیزنز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو معیاری انٹرنیشنل اسکواڈز کے خلاف موقع دینے پر خوشی ہے۔

پی ایم الیون کے لیے منتخب ہونا کسی بھی کرکٹر کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے۔ رواں سال ہم نے زیادہ ٹیسٹ کرکٹ کھیلنی ہے، لہذا ایسے مواقع طویل طرز کی کرکٹ کے لیے ہمارے بنچ اسٹرینتھ کو مضبوط بنانے کے لیے بھی بہترین ہیں۔

ہم اسکواڈ کے انتخاب میں اپنی تجاویز دینے پر وزیر اعظم اینتھونی البانیز کے مشکور ہیں۔

ENDS

We acknowledge and pay respect to the hundreds of First Nations and Traditional Custodians of the land and waters encompassing where we are privileged to live, work and play the great game of cricket on. We recognise and celebrate their spiritual and ongoing connection to culture and Country. We respectfully acknowledge all Elders past, present and emerging as we continue to cherish shared wisdom and grow with their guidance as we walk together toward a connected Country.

PROUD PARTNERS OF CRICKET AUSTRALIA

PLATINUM | GOLD | SILVER | BROADCAST